سوال

(152) مسئلہ رفع یدین اور سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت بیان کی جاتی ہے (بحوالہ سنن بیہقی) کہ وہ رکوع سے پہلے اور بعد میں رفع یدین نہیں کرتے تھے۔ کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی عدم رفع الیدین کے حوالے سے کوئی صحیح روایت نہیں مل سکی۔ جب کہ صحیح بخاری میں ان کا رفع الیدین کرنا ثابت ہے، ابوبکر بن عیاش کی روایت معلول ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے۔ اس روایت کو امام احمد بن حنبل اور امام ابن معین نے باطل وغیرہ قرار دیا ہے۔ (شہادت دسمبر 2001)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاة۔صفحہ348

محدث فتویٰ